باسمہ تعالیٰ

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

کے ضمنی امتحان 1447ھ/2026ء کے نتائج کا اعلان

''وفاق المدارس العربیہ پاکستان'' کے ضمنی امتحانات 22 تا 27 شوال المکرم 1447ھ مطابق 11 تا 16 اپریل 2026ء بروز ہفتہ تا جمعرات منعقد ہوئے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور ناظم اعلیٰ حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے ضمنی امتحان برائے سال 1447ھ/2026ء کے نتائج کا اعلان مورخہ 12 ذوالقعدہ 1447ھ مطابق 30 اپریل 2026ء بروز جمعرات کر دیا ہے۔

ملک بھر میں طلبہ و طالبات کے کل 165 امتحانی مراکز قائم کیے گئے تھے۔ 7159 طلبہ میں سے 5606 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ 4990 طلبہ پاس اور 616 طلبہ ناکام ہوئے، طلبہ کا نتیجہ 89 فیصد رہا۔

اسی طرح 7843 طالبات میں سے 6737 طالبات نے امتحان میں شرکت کی، 6378 طالبات پاس اور 359 طالبات ناکام ہوئیں۔ طالبات کا نتیجہ 95 فیصد رہا۔

مجموعی طور پر 15002 میں سے 12343 طلبہ و طالبات نے ضمنی امتحان میں شرکت کی۔ ان شرکاء میں سے 11368 نے کامیابی حاصل کی جبکہ 975 ناکام ہوئے۔ مجموعی نتیجہ 92 فیصد رہا۔

30-04-2026